ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وزیر اعظم ڈیسائی اپنے خالصتاً ذاتی نقطۂ نظر کو قومی نقطۂ نظر کے پیش کرنے کے عادی ہیں۔ اس وقت سامنے کے ایک ٹیلی ویژن انٹرویو میں مرارجی نے جنتا حکومت سے متعلق تمام حلقوں کے جذبات کو ٹھکرا کر ویا جو ہندوستان کے تمام جمہوریت پسند عوام اور خاص کر مسلم اقلیت نے جنتا حکومت کے قیام کے بعد اس کے انتخابی منشور کی تیقین دہانی کے سیاق و سباق میں قائم کیے تھے جنتا پارٹی کے یہ شیر جو ایمرجنسی میں ہو کر رہ گئی اقلیت کے ساتھ ایمرجنسی کی تاریکیوں کی رہائی دیتے ہوئے ذرا بھی نہیں تھکتے تھے۔ جو مسز گاندھی اور مسٹر زیڈ یا پھر شکلا اینڈ کمپنی کو زیر کرنے کے لیے شاہی امام مولانا بخاری کے سہارے ہر وقت ہوائی جہاز کا ٹکٹ لیے کھڑے رہتے تھے۔ اور جنہوں نے امام بخاری کی آواز کو ۱۱ کروڑ کی اقلیت کی آواز کہہ کر ملک کے کونے کونے تک پہنچایا تھا اور ہزاروں جلسوں میں گواہی دی تھی کہ ہندوستانی جمہوری تحریک اور کروڑوں مسلمانوں نے اسی جماعت منصفانہ اور جمہوری مطالبہ کو اپنی پہلی فرصت میں پورا کر دیں گے کہ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے اقلیتی کردار کے شیرازہ کو یکجا کر دیا جائے گا جسے ۱۹۷۲ء میں کانگریسی آقاؤں نے بکھیر دیا تھا۔ اقتدار کی مرکزیت کے زعم میں تیخ بدلے اور تیخ کے سوا کچھ نہ کرنے کا خطرہ رکھنے والے یہ حکمران بار بار قسمیں کھاتے رہتے تھے کہ اقلیتوں کو مذہبی، معاشی، تعلیمی اور لسانی انصاف ملے گا اور ان کے ساتھ یگانگت کا ایسا رویہ اختیار کیا جائے گا کہ وہ ماضی کی تیس برس کی ناانصافیوں کے کاری زخموں کو ہمیشہ کے لیے بھول جائیں گے۔

لیکن مسلمانوں کو معاشی تحفظات دینے سے انکار مسلمانوں کے مذہبی سرمایہ سے رشتہ رکھنے والی زبان اردو کو سرکاری تحفظات دینے سے انکار اور پولیس و ضلع ایڈمنسٹریشنوں میں مسلمانوں کو ان کی آبادی کے تناسب سے نمائندگی دینے کے حمایت وجہ جمہوری مطالبے سے گریز کے بعد اب مسلمانوں کی بھاری اکثریت کے ووٹوں کے تحت برسر اقتدار میں آنے والی جنتا حکومت کے وزیر اعظم نے صاف صاف کہہ دیا ہے کہ مسلم یونیورسٹی کے اقلیتی کردار کو بحال نہیں کیا جا سکتا کیونکہ یونیورسٹی، مسلمانوں کی طرف سے اور مسلمانوں کے لیے قائم کردہ ادارہ نہیں ہے۔ تاریخی سچائی سے گریز اختیار کر کے ہندوستان کی پوری جمہوری تحریک، تمام اقلیتیں، جنتا پارٹی کے انتخابی منشور اور اقلیتی کمیشن و بگ کمیشن کی سفارشات کو کھلا چیلنج پیش کرنے کا وزیر اعظم کا یہ اقدام جو جمہوری اداروں کی پیٹھ میں خنجر کی طرح چبھ گیا ہے۔

وزیر اعظم نے اپنے انٹرویو میں غیر منطقی دلائل کا سہارا لے کر فرمایا کہ مسلمانوں کے رہبر سر سید احمد خاں علیہ الرحمہ نے مسلمانوں کی تہذیبی و تمدنی وحدت کی تابناکیوں کو عام کرنے کے لیے ویسا ہی اینگلو اورینٹل کالج کی داغ بیل ڈالی تھی۔ وہ کالج اب نہ اب اورینٹل کالج علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں تبدیل ہو چکا ہے۔ اس لیے کسی تعلیمی ادارہ کو اقلیتی حیثیت سے ہمکنار کرنے والی آئین کی دفعہ ۳۰ (الف) کا انطباق علی گڑھ مسلم یونیورسٹی پر نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ یونیورسٹی کی موجودہ حیثیت عدالت، حیثیت اور ملازمت سرکاری امداد کی محتاج ہے اس لیے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی نہ تو اقلیتی قرار پا سکتی ہے اور نہ وہ آئین کی دفعہ ۳۰ (الف) کی مراعات و تحفظات کا حق حاصل کر سکتی ہے۔

وزیر اعظم کی جانب سے شدید دھچکا پہنچانے والے اس صاف انکار کے بعد جو جنتا پارٹی کے انتخابی منشور کی تیقین دہانی سے صاف انکار کے مترادف ہے، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے اقلیتی کردار کے دعوے میں سچائی ہماری قومی زندگی میں سرچشمہ ہے، یہ سچائی ہندوستان کی مشترکہ قومی تہذیب کے سرچشمہ سے ابل رہی ہے۔ اور سیکولرازم، قومی اتحاد و فرقہ وارانہ یگانگت کے قومی آدرشوں کے لیے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے عظیم مقابل قدر کردار سے ملانی اور جانب ہے۔ اور مسلمانوں کے لیے قائم شدہ اس تعلیمی ادارے کو قومی زندگی کے افق پر مہرجان تابندہ رہنے دینا چاہیے۔

کسی یونیورسٹی یا تعلیمی ادارہ کا کردار وہاں کا ماحول اس کی روایات، اس کی تہذیبی ماہیت اور اس کی تمدنی حیثیت کے آئینوں میں جھلکتا ہے۔ اگر کوئی اقلیتی ادارہ اپنے قیام کی تاریخی حقیقت اور انفرادیتوں کو قائم رکھ کر ایک قومی حکومت کے قومی سرمایہ سے قومی امداد حاصل کرتا ہے تو کیا وہ آئین کی دفعہ ۳۰ (الف) کی مراعات سے محروم ہو جاتا ہے۔ اور کیا وہ اپنا عظیم اقلیتی کردار کھو بیٹھتا ہے۔ اس حقیقت کو کوئی بھی شخص جھٹلا نہیں سکتا ہے کہ وہ دراصل اقلیتوں کے جمہوری مسائل اور ان کی جمہوری امنگوں کی نفی کرتا ہے کیونکہ اقلیتیں بھی برحق طور پر قومی خزانہ میں سرمایہ اہم کرتی ہیں اور اقلیتی اداروں کو حق حاصل ہے کہ وہ اپنا قائم کردہ سرمایہ بشرط تقاضا ہے۔ حالات اپنی تہذیبی اور تمدنی بقا کے لیے حاصل کریں! چنانچہ چند برس پہلے جب علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے اقلیتی کردار کی بحالی پر تصدیق کی مہر لگانے کیلئے ۲ مارچ "سپریم کورٹ" گئے تھے تو اسی سے دراصل ایک چھٹے جمہوریت سوز کے بیہودہ حیلے کا اعلان کر دیا تھا، وہ دراصل ایک تصدیق شدہ امر کی تصدیق کی مہر شائی کی جھولی میں خود رکھ آئے تھے۔ وہ پوری حقیقت کو بھی دبانا چاہتے تھے اور آخرش انہوں نے اپنی بزدلی، بے ذوقی اور بے عملی کی بنا پر اس مسلم درسگاہ کے لیے ایک مسئلہ پیدا کر دیا، اور اب اقلیتی کمیشن نے مرکزی حکومت کے سامنے حکمران وقت آئین کی دفعہ ۳۰ الف کی وہ توجیہات پیش کر رہے ہیں جنہیں نہ تو ملت اسلامیہ قبول کرے گی اور نہ ہندوستان کے جمہوریت پسند عوام اسے تسلیم کریں گے۔ مسلم یونیورسٹی کے اقلیتی کردار کی بحالی ہی جمہوری کردار کی بحالی ہے۔ کسی ادارہ کا مخصوص کردار ختم رہے گا تو جمہوری کردار بھی ختم رہے گا۔ عوام یہ جانتے ہیں کہ جملہ اقلیتی مفادات دراصل جمہوریت کے مفادات سے مطابقت رکھتے ہیں اور اب وقت آ گیا ہے کہ ہندوستان کے تمام جمہوریت دوست عوام اور وہ ساری ترقی پسند جماعتیں جو مسلم یونیورسٹی کے اقلیتی کردار کی بحالی میں یقین رکھتی ہیں، ساری ملت اسلامیہ اور دیگر تمام جمہوری عناصر متحد و منظم ہو کر زعم اقتدار میں چور جنتا حکومت کو سبق سکھانے کے لیے جدوجہد کی تحریک کا آغاز کریں۔ وہ وقت آ گیا ہے کہ مسلم یونیورسٹی کے حساس و باہمت فرزند زندہ اقوام کے زندہ و بیدار فرزندوں کی طرح تمام بہانے بازی ترک اختیار کر کے مسلم یونیورسٹی کے اقلیتی کردار کی بحالی کے لیے سامنے آئیں۔ اور اہل وطن کے غصب شدہ حقوق کی بازیابی کے لیے پر امن جدوجہد ہی واحد راستہ ہے۔ کاسہ لیسی شیدائیوں نہیں جدوجہد کا حق دلائے گی اور جد و جہد ہی سے بابو شاہ کا بیل لگانے والوں کو سبق سکھانے۔ منظم احتجاجی تحریک پر امن ستیہ گرہ اور جیل جانے کی ہی فیصلہ کن اب مسلم یونیورسٹی کے اقلیتی کردار کی بحالی کرا سکتی ہے۔

(اداریہ)

INTRODUCE CRESCENT
TO A FRIEND

نور بصیرت

میاں عبدالرشید

مکتوب حضرت علیؓ

حضرت علیؓ نے اپنے بیٹے حضرت حسنؓ کے نام ایک مکتوب لکھا تھا۔ اس کے بعض اقتباسات درج ذیل ہیں۔

• آسمان و زمین کے مالک، اللہ تعالیٰ نے تجھے دعا کا حکم دیا ہے۔ اور دعا کی قبولیت کا وعدہ بھی فرمایا ہے۔ اس نے تجھے کہا ہے کہ تو اس سے مانگ، وہ تجھے دے گا۔ اس سے لطف و کرم کی درخواست کر، وہ تجھ پر رحم کرے گا۔ وہ تو اس قدر حلیم و کریم ہے کہ اس نے اپنے اور تیرے درمیان کوئی فاصلہ نہیں رکھا۔ وہ جلدی انتقام نہیں لیتا۔ اس کی جناب میں رجوع کر، وہ تجھے شرمندہ نہیں کرے گا۔ جو اس کی طرف لوٹ آئے، وہ اس پر سختی نہیں کرتا۔ وہ جرم پر زیادہ چھان بین نہیں کرتا۔ معاف فرما دیتا ہے۔

• وہ کسی کو اپنی رحمت سے ناامید نہیں کرتا۔ وہ تو گناہ سے بچ جانے کو بھی نیکی شمار کرتا ہے۔ جب تو اسے (باآواز بلند) پکارے، تو وہ تیری پکار سنتا ہے۔ اور جب تو اس کے ساتھ سرگوشی کرے، تو اسے اس کا بھی علم ہوتا ہے۔ وہ ایسی ذات ہے جس کے سامنے تو اپنی ضرورت اور اپنا دل کھول کر رکھ سکتا ہے۔ اپنے ہر قسم کے غم و مصائب پوری وضاحت سے بیان کر سکتا ہے۔ اور ہر قسم کے معاملات میں اس سے مدد مانگ سکتا ہے تو اس کے خزانۂ رحمت سے ایسی چیزوں کا سوال کر سکتا ہے، جنہیں کوئی دوسرا عطا نہیں کر سکتا۔ اس نے اپنے خزانوں کی چابیاں تیرے ہاتھ میں دے دی ہیں۔ کیونکہ اس نے تجھے ہر قسم کے سوال کی اجازت دے رکھی ہے۔ سو تو جب چاہے اس سے التجا کر کے اس کی رحمت کے دروازے اپنے لیے کھلوا سکتا ہے۔ اور اس کی رحمت کی بارش طلب کر سکتا ہے۔

• دعا کی قبولیت میں دیر تجھے اس کی رحمت سے ناامید نہ کرے۔ بسا اوقات اس میں اس لیے تاخیر کر دی جاتی ہے کہ سائل کو زیادہ اجر دینا مقصود ہوتا ہے۔

تعلیم جدید

ہم میں وہ خوبی و نکوئی نہ رہی
پاکیزگی و خجستہ خوئی نہ رہی
تعلیم جدید سے ہوا کیا حاصل
ہاں کفر کے ساتھ جنگجوئی نہ رہی

اکبر الہ آبادی

سرفراز نواز نے نیا عالمی ریکارڈ قائم کیا

میلبورن ۔۔۔۔۔ آج یہاں پاکستان نے آسٹریلیا کو ۷۱ رنز سے شکست دے کر پہلا ٹیسٹ میچ جیت لیا ہے فی الحقیقت یہ ایک تاریخی کارنامہ ہے اس میں پاکستان نے دو ریکارڈ قائم کئے ہیں ایک ریکارڈ یہ ہے پاکستان نے آسٹریلیا کی آخری اننگز میں صرف ۵ رنز پر سات وکٹیں حاصل کیں کسی ٹیسٹ میچ میں صرف پانچ رنز پر سات وکٹیں کبھی نہیں گریں اسی طرح پاکستان کے مایہ ناز

سرفراز نواز نے صرف ایک اننگز (اس دوسری اننگز) میں نو وکٹیں حاصل کیں۔ آسٹریلیا کا سکور دوسری اننگز میں ۳ وکٹوں پر ۳۰۵ رنز تھا پاکستان کے اس بولر نے آخری سات وکٹیں صرف پانچ رنز دیکر بعد گرنے سے آؤٹ کر کے ایک نیا عالمی ریکارڈ قائم کیا۔

سرفراز نواز نے آخری سات وکٹیں ۳۳ گیندوں پر حاصل کیں۔ جبکہ اس دوران سرفراز کو نہ صرف آسٹریلوی کھلاڑیوں نے صرف ایک رن بنائے۔ اور باقی چار رنز۔ انہوں نے دوسری طرف سے عمران خان کی باؤلنگ پر بنائے صرف ۳۳ بالوں میں صرف ایک رن دے کر سات کھلاڑیوں کو آؤٹ کرنا ایک نیا عالمی ریکارڈ ہے جو کرکٹ کی تاریخ میں ہمیشہ یاد رہے گا۔

سرفراز نواز کی کارکردگی کوہ ہمالیہ کی طرح بلند و بالا ہے: مشتاق محمد

شاید میں اپنا ریکارڈ نہ توڑ سکوں یہ میری زندگی کی بہترین باؤلنگ ہے: سرفراز نواز

میلبورن ۔۔۔۔۔ (رویٹر رپورٹ) پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان مشتاق محمد نے کہا ہے کہ پہلے ٹیسٹ میچ میں آسٹریلیا کے خلاف کامیابی کا سہرا سرفراز نواز کے سر ہے جنہوں نے شاندار باؤلنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے دوسری اننگز میں مخالف ٹیم کے ۹ کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

کرائمز برانچ نے لیاقت باغ فائرنگ کیس کی تحقیقات مکمل کر لی

ڈاکٹر غلام حسین، چوہدری طالب حسین، احمد سعید اعوان اور ایف ایس ایف کے متعدد افسر گرفتار

چالان ایک ہفتہ تک عدالت میں پیش کر دیا جائے گا

لاہور ۔۔۔۔۔ پنجاب پولیس کے کرائمز برانچ نے لیاقت باغ راولپنڈی فائرنگ کیس کی تحقیقات مکمل کر کے دو سابق وزراء ڈاکٹر غلام حسین اور چوہدری طالب حسین اور احمد سعید اعوان سمیت چھ افراد کو گرفتار کر لیا۔ مسٹر خدا بخش کے مطابق آئندہ ہفتے کے دوران اس مقدمہ قتل کا چالان لاہور کی عدالت میں پیش کر دیا جائے گا۔ ان خدا بخش نے بتایا ہے کہ گرفتار شدگان میں کالعدم ایف ایس ایف کے کچھ سابق افسر بھی شامل ہیں۔

مصطفیٰ کھر



بھٹو کے دور حکومت میں لیاقت باغ کے جلسہ عام میں ایف ایس ایف اور پیپلز پارٹی کے کارکنوں کی فائرنگ کی یاد تازہ کر دینے والی دو تصاویر۔

معزول شاہ نے جنوبی ایران میں اپنے لیے عظیم الشان مقبرے کی تعمیر شروع کرا دی تھی

مقبرے کے لیے ایک ارب چالیس کروڑ ڈالر کی رقم مختص کی گئی تھی

تہران ۔۔۔۔۔ ایران کے معزول شہنشاہ محمد رضا پہلوی نے اپنے لیے عظیم الشان زمین دوز مقبرہ بنانے کا منصوبہ بنایا تھا۔ اس مقبرے کے لیے ایک ارب چالیس کروڑ ڈالر وقف کیے گئے تھے۔

بھٹو کیلئے رحم کی اپیل کرنیوالے مسلم ممالک کے عوام نے ان اپیلوں کو ناپسند کیا ہے

سابق حکومت ہمارے کمرے میں شراب کی بوتلیں رکھ دیا کرتی تھی

دنیا بھر کے مسلمان جنرل ضیاء الحق کے ساتھ ہیں: محمد علی الحرکان

لاہور ۔۔۔۔۔ (اپنے سٹاف رپورٹر سے) رابطہ عالم اسلامی کے سیکرٹری جنرل الشیخ محمد علی الحرکان نے کہا ہے کہ جن مسلم ملکوں نے ذوالفقار علی بھٹو کے بارے میں صدر پاکستان جنرل محمد ضیاء الحق سے رحم کی اپیلیں کی ہیں وہاں کے عوام نے ان اپیلوں کو ناپسند کیا ہے۔

ایران غیر جانبدار ملکوں کی تحریک میں شامل ہونے کا خواہشمند ہے: کریم سنجابی

تہران ۔۔۔۔۔ (رپورٹر رپورٹ) ایران کے وزیر خارجہ مسٹر کریم سنجابی نے کہا ہے کہ ایران غیر جانبدار ملکوں کی تحریک میں شامل ہونے کا خواہشمند ہے۔

غیر ممالک میں اعلیٰ تربیت حاصل کرنے کے بعد پاکستان میں مقررہ مدت تک ملازمت نہ کرنیوالے پاکستانیوں سے ہرجانہ وصول کیا جائیگا

بیس ہزار سے چالیس ہزار روپے تک ہرجانہ ادا کرنے کے بعد بیرونی ملک ملازمت اختیار کی جا سکے گی





شاہد اور بابرہ شریف پر فرد جرم عائد کر دی گئی

پہلے ہیرو ہیروئن کو زدوکوب کرنے کا الزام

سفیروں کے تبادلے اور تقرریاں

کیپٹل ٹریول اینڈ کیپٹل ٹریڈرز

IATA

ٹی وی، فریج اور کار وغیرہ کے مفت کتابچہ کے لیے

آج ہی فون کریں

FOR FURTHER INFORMATION CALL YOUR NEAREST OFFICE

Toronto: (416)465-5411

Windsor: (519)256-0654

DETROIT: 963-3626

744 Broadview Avenue

Toronto M4K 2P1

Tel. 465-5411 465-5412

امریکہ سے صدر جمی کارٹر پاکستان کے سفیر سلطان محمود خان کی سفارت قبول کرنے کے بعد مسکرا رہے ہیں

عام انتخابات کی تاریخ کا اعلان بحالی جمہوریت کی جانب ایک مثبت قدم ہے

سیاسی استحکام اور بین الاقوامی وقار میں اضافہ ہوگا

طے شدہ مسائل کو انتخابی مہم کے دوران زیر بحث لانے کی اجازت نہ دینے کا خیر مقدم

لاہور — (اپنے سٹاف رپورٹر سے) صدر ضیاء الحق کی طرف سے انتخابات کی تاریخ کے اعلان کا عوام کی طرف سے پرجوش خیر مقدم کیا جا رہا ہے پاکستان قومی اتحاد کے نائب صدر نوابزادہ نصر اللہ خاں نے صدر جنرل ضیاء الحق کی جانب سے عام انتخابات کی تاریخ کے اعلان کا خیر مقدم کیا ہے اور کہا کہ یہ اعلان ملک میں بحالی جمہوریت کی جانب ایک مثبت قدم ہے اس سے ملک میں سیاسی استحکام کو فروغ حاصل ہوگا ...

"بھٹو کی معافی کی اپیل کرنے والے خود بھی متعدد افراد کو قتل کرانے کے ذمہ دار ہیں": آچاریہ کرپلانی

نئی دہلی — (پی پی آئی) انڈین نیشنل کانگریس کے سابق صدر مسٹر جے بی کرپلانی نے کہا ہے کہ مسٹر بھٹو سے ہمدردی ظاہر کرنے والے جانبداری کا مظاہرہ کر رہے ہیں ...

مرار جی ڈیسائی بنگلہ دیش کا دورہ کریں گے

نئی دہلی — (اے پی پی) انڈین ایکسپریس کی اطلاع کے مطابق بھارتی وزیر اعظم مرار جی ڈیسائی اپریل کے وسط میں بنگلہ دیش کا دورہ کریں گے۔ ان کا بنگلہ دیش کا پہلا دورہ ہوگا۔ مسٹر ڈیسائی قبل ازیں نیپال اور سری لنکا کا دورہ کر چکے ہیں ...

پاکستان ایران کو ہر شعبے میں امداد دینے اور تعاون کرنے کے لیے تیار ہے

ایرانی رہنما سینٹو کو ترک کرنے اور آر سی ڈی کی رکنیت میں توسیع کے حامی ہیں

پاکستان بھارت جیسے بڑے ملکوں کی آر سی ڈی میں شمولیت کی مخالفت کرتا ہے

راولپنڈی — (اے پی پی) صدر کے مشیر برائے امور خارجہ مسٹر آغا شاہی نے کہا ہے کہ ایران کی انقلابی حکومت کے رہنماؤں کے ساتھ ان کے مذاکرات کے دوران مکمل طور پر ذہنی مطابقت پائی گئی اور ہم ایک دوسرے کے بہت قریب آ گئے ہیں۔ آغا شاہی نے ایران کے چار روزہ دورے سے واپسی پر اخبار نویسوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ...

افغانستان کے معاملات میں روسی مداخلت سے علاقے میں کشیدگی بڑھ سکتی ہے

روس کی بڑھتی ہوئی امداد اور مشیروں کی تعداد میں اضافے پر امریکہ کا اظہار تشویش

واشنگٹن — (اے پی پی) امریکہ نے افغانستان میں روسی ...

یہ پاکستان کا اندرونی معاملہ ہے، بھارتی حکومت

نئی دہلی — (بی بی سی) بھارتی حکومت نے مسٹر بھٹو سے متعلق کوئی تبصرہ کرنے سے انکار کر دیا ہے اور کہا ہے کہ یہ پاکستان کا اندرونی معاملہ ہے اور وہ اس میں مداخلت نہیں کرنا چاہتی۔

حسین نقی کی اپیل پر فیصلہ محفوظ کر لیا گیا

لاہور — (نامہ نگار) لاہور ہائیکورٹ کے مسٹر جسٹس ذکی الدین پال نے پی پی آئی کے بیورو چیف مسٹر حسین نقی کی سیشن سے ضمانت مسترد ہونے کے خلاف دائر کردہ اپیل پر اپنا فیصلہ محفوظ کر لیا ...

قانون تحدید جہیز و تحائف ۱۹۷۶ء پر نظر ثانی کی جائے گی

کراچی — (اے پی پی) اٹارنی جنرل کے دفتر کے ایک ترجمان نے اس امر کی وضاحت کی ہے کہ قانون تحدید جہیز و تحائف ۱۹۷۶ء ...

دلی اسپیشل فوڈز

حلال گوشت سے تیار شدہ لذیذ، عمدہ کھانے نہاری، پائے،

شامی کباب — کڑھائی گوشت

اور

بریانی وغیرہ

421-9572

DILLI SPECIAL FOODS

Chandni Chowk

401 Donlands TORONTO

Take Out Services

سلیم شیروانی اور منور الزماں قومی ہاکی ٹیم کے کپتان اور نائب کپتان ہوں گے

آسٹریلین انٹرنیشنل ہاکی ٹورنامنٹ کے لیے ۱۶ رکنی ٹیم کا اعلان

کراچی — (اے پی پی) پاکستان نے آئندہ ماہ منعقد ہونے والے آسٹریلین انٹرنیشنل ہاکی ٹورنامنٹ کے لیے اپنی ٹیم کے ۱۶ کھلاڑیوں کے ناموں کا اعلان کر دیا ہے۔ گول کیپر سلیم شیروانی ٹیم کے کپتان ہوں گے جب کہ فل بیک منور الزماں ان کے نائب ...

سلیم شیروانی

منور الزماں

کینیڈا کے ماہرین نے زرعی یونیورسٹی کا دورہ کیا

فیصل آباد — (اے پی پی) کینیڈا کی بین الاقوامی ترقیاتی ایجنسی کے ماہرین نے ... پاکستان کو امداد فراہم کرنے کے لیے امکانات کا جائزہ لے رہے ہیں ... زرعی یونیورسٹی کا دورہ کیا۔

مغربی جرمنی پاکستان کو اسلحہ فروخت کر رہا ہے

لوک سبھا میں بھارتی وزیر خارجہ کا واویلا

نئی دہلی — (رپورٹ) بھارت کے وزیر خارجہ نے لوک سبھا کو بتایا کہ مغربی جرمنی کی حکومت پاکستان کو محدود تعداد میں ہتھیار فراہم کر رہی ہے ... دونوں ملکوں کے تعلقات متاثر ہو سکتے ہیں۔

شاہ احمد نورانی اور عبدالستار نیازی جمعیت العلماء پاکستان کے صدر اور جنرل سیکرٹری منتخب ہو گئے

انتخابات کی تاریخ کا خیر مقدم، سپریم کورٹ کے فیصلے کو ہم قبول کرتے ہیں: نورانی

لاہور — (نامہ نگار) ... پاکستان کے اجتماعات میں مولانا شاہ احمد نورانی کو صدر اور مولانا عبدالستار خان نیازی کو سیکرٹری جنرل منتخب کر لیا گیا ...

THERE'S NO SUCH THING AS BEING MORE OR LESS CANADIAN

ہمارے ملک میں ایک کینیڈین، کینیڈین ہے خواہ اس کا پس منظر کچھ بھی ہو ۔۔۔ خواہ وہ کینیڈا میں پیدا ہوا ہو یا امیگرنٹ بن کر یہاں آیا ہو۔

کینیڈا میں ہم ہر شخص کی ایک فرد کی حیثیت سے عزت کرتے ہیں۔ ہم ہر فرد کی نسل، تہذیبی بنیادوں، مذہبی اور روحانی قدروں کو عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ ہر کینیڈین دوسرے کینیڈین کے ہنر، فنی صلاحیتوں اور کینیڈین زندگی میں اس کی خدمات سے مستفید ہوتا ہے۔

اسی طرح کینیڈا کو ایک عظیم ملک بننے میں مدد ملتی ہے۔

آپ کی کینیڈین گورنمنٹ میں ملٹی کلچرل ازم کی مستقل پالیسی کے تحت بہت سے پروگراموں کی ترتیب اور تنظیم کرتی ہے تاکہ تمام کینیڈین لوگوں کو اپنی تہذیب قائم رکھنے اور دوسروں کے سامنے اسے فخر سے پیش کرنے میں ان کی حوصلہ افزائی ہو۔

آپ کے ملٹی کلچرل ازم کے منسٹر کا ایک اہم کام یہ ہے کہ وہ تمام کینیڈین لوگوں کو بلا امتیاز نسل اور تہذیبی پس منظر یکساں مواقع اور یکساں حقوق کا یقین دلائے۔ آپ کا ملٹی کلچرل ازم کا وزیر کینیڈین گورنمنٹ کے تمام پروگراموں اور سرگرمیوں میں بھی ملٹی کلچرل ازم کی پالیسی کی بالادستی میں مدد کا یقین دلاتا ہے۔ اس طرح کینیڈا صحیح معنوں میں ملٹی کلچرل ملک بنتا ہے۔

کینیڈین حکومت کے یہ مسلسل ملٹی کلچرل پروگرام تمام کینیڈین لوگوں کے تنوع اور ان کی برابری کی سب سے پہلے حمایت کرتے ہیں۔ تمام کینیڈین برابر ہیں۔ کسی کا کم یا زیادہ کینیڈین ہونا بے معنی بات ہے ۔۔۔ اس کے لیے ہماری ملٹی کلچرل ازم کی پالیسی کا شکریہ۔

Multiculturalism

unity through human understanding

Honourable Norman Cafik
Minister of State
Multiculturalism

L'honorable Norman Cafik
Ministre d'État
Multiculturalisme

انتخابی مہم کے لئے ایک ماہ کا عرصہ دیا جائے گا

انتخابات سے دو ماہ قبل سیاسی سرگرمیوں پر سے پابندی ختم کر دی جائے گی

صدر اور وزیر اعظم کے اختیارات میں توازن کیلئے آئین میں ترمیم ضروری ہے: اچکزئی

کوئٹہ ــــ (اے پی پی) وفاقی وزیر بلدیات محمد زماں خان اچکزئی نے توقع ظاہر کی ہے کہ انتخابات سے دو ماہ قبل سیاسی سرگرمیوں پر سے پابندی اٹھالی جائے گی اور مکمل انتخابی مہم کے لئے ایک ماہ کا عرصہ دیا جائے گا۔ وہ آج صبح کوئٹہ پہنچنے پر اخباری نمائندوں سے باتیں کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ منصفانہ اور غیر جانبدارانہ انتخابات کرانے کے لئے جامع انتظامات کئے جا رہے ہیں۔

ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ صدر اور وزیر اعظم کے اختیارات میں توازن برقرار رکھنے کے لئے ۱۹۷۳ء کے آئین میں ترمیم ضروری ہے کیونکہ اس آئین میں وزیر اعظم کو مکمل اختیارات دیئے گئے ہیں جبکہ صدر قطعی بے اختیار ہے۔ اگر وزیر اعظم آئین کی خلاف ورزی کرے تو بے اختیار صدر موثر کارروائی نہیں کر سکتا۔ انہوں نے کسی سیاسی جماعت پر پابندی لگانے کی تجویز کی مخالفت کی اور کہا کہ آئندہ انتخابات میں پاکستان قومی اتحاد بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت اور قومی اتحاد کی مشترکہ کوشش سے اسلامی نظام نافذ ہوا۔ انتخابات کی حتمی تاریخ مقرر کی گئی اور بہت جلد اس کا اعلان [illegible]۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ انتخابات سے قبل موجودہ حکومت کے مستعفی ہونے کا کوئی جواز نہیں ہے کیونکہ جمہوری نظام میں برسر اقتدار حکومت ہی انتخابات کرانے کی ذمہ داری سنبھالتی ہے جبکہ موجودہ حکومت ایک جمہوری تحریک کے نتیجے میں وجود میں آئی ہے۔ مسٹر اچکزئی سے پوچھا گیا کہ آیا وفاقی کابینہ میں شامل وزراء آئندہ انتخابات میں حصہ لیں گے یا نہیں تو انہوں نے کہا کہ اس بات کا فیصلہ قومی اتحاد کرے گا۔

مسٹر بھٹو کے متعلق ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ یہ فوجداری مقدمہ ہے جس کی عدالت عالیہ نے انتہائی غیر جانبداری سے سماعت کر کے فیصلہ دیا ہے جبکہ مسٹر بھٹو کو قانون کے مطابق تمام سہولتیں فراہم کی گئی تھیں۔

تحریک پاکستان کے پرانے کارکن مینار پاکستان پر ۲۳ مارچ کو پرچم لہرا رہے ہیں

تحریک پاکستان کے بزرگ رہنماؤں نے اقبال پارک میں پرچم کشائی کی

لاہور ــــ (نامہ نگار) گزشتہ روز یوم پاکستان کے موقع پر تحریک پاکستان کے بزرگ اور نامور رہنماؤں نے اقبال پارک کے تاریخی میدان میں مینار پاکستان پر قومی اور مسلم لیگ کے پرچم لہرائے۔ پاکستان کے قومی پرچم کی پرچم کشائی قائد اعظم محمد علی جناح کے معتمد ساتھی جناب حسن امام نے کی۔ ان کے ہمراہ بزرگ مسلم لیگی رہنما میاں امیر الدین اور تحریک پاکستان کے دوسرے سرگرم کارکن بھی تھے۔ مسلم لیگ کے جھنڈے کی پرچم کشائی تحریک پاکستان کی سرگرم خاتون کارکن محترمہ صغریٰ فاطمہ اور بیگم نذیر طلعت نے کی۔ ان خواتین نے تحریک پاکستان کے دوران خواتین کے جلوس کی قیادت کرتے ہوئے بالترتیب لاہور اور لائلپور کے سیکرٹریٹ کی عمارتوں پر یونین جیک اتار کر پھاڑ دیئے تھے اور ان کی جگہ مسلم لیگ کے پرچم لہرا دیئے تھے۔ جیسے ہی جناب حسن امام، میاں امیر الدین، محترمہ صغریٰ فاطمہ اور بیگم نذیر طلعت نے قومی اور مسلم لیگی پرچم لہرائے، یہاں موجود عوام نے اللہ اکبر، پاکستان زندہ باد اور قائد اعظم زندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگائے۔

بلوچستان میں علیحدگی کی کوئی تحریک نہیں: عثمان جوگیزئی

قومیتوں کی تحریک سے صوبہ چار حصوں میں تقسیم ہو جائے گا
قیام پاکستان کے مخالفین خود مختاری کا نعرہ لگا رہے ہیں
صوبہ میں فوج بلوچ گورنمنٹ کے مطالبے پر بھیجی گئی تھی

لاہور ــــ (وقائع نگار) تحریک پاکستان کے ممتاز رہنما اور بلوچستان کے شاہی جرگے کے سابق رکن سردار محمد عثمان خان جوگیزئی نے کہا ہے کہ ان کے صوبہ میں علیحدگی کی کسی تحریک کا وجود نہیں اور صرف وہ لوگ زبان، نسل اور ثقافت کے نام پر خود مختاری کے نعرے لگا رہے ہیں جنہوں نے قیام پاکستان کی مخالفت کی تھی۔ سردار محمد عثمان خان جوگیزئی اپنے سیاسی ساتھیوں کی معیت میں مجلس کارکنان تحریک پاکستان کے زیر اہتمام منعقدہ دو روزہ کنونشن میں شرکت کے لئے لاہور آئے ہوئے تھے۔ آج ایک ملاقات کے دوران سردار عثمان جوگیزئی نے کہا کہ قیام پاکستان کے وقت مختلف صوبوں نے غیر مشروط طور پر پاکستان میں شمولیت کا فیصلہ کیا تھا اور کسی بھی صوبے نے زبان، نسل اور ثقافت کا سوال نہیں اٹھایا تھا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں علیحدگی کی کسی تحریک کا کوئی وجود نہیں اور وہ واضح طور پر اس امر کا اعلان کرتے ہیں کہ ان کے صوبے کے عوام خواہ وہ بلوچ ہوں، پٹھان، بروہی ہوں یا آباد کار، صدق دل سے پاکستان کے ساتھ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چند لوگ بلوچستان میں ملٹری ایکشن کو بنیاد بنا کر فوج کے خلاف پروپیگنڈہ کرنے میں مشغول ہیں مگر وہ اس حقیقت کو نظر انداز کر دیتے ہیں کہ فوج صوبے کی بلوچ گورنمنٹ کے کہنے پر طلب کی گئی تھی اور یہ ایک علیحدہ بات ہے کہ فوج میں اکثریت پنجابیوں اور پٹھانوں کی ہے۔

سردار محمد عثمان جوگیزئی

احسان باری تحریک استقلال سے مستعفی ہو گئے

ملتان ۱۴ مارچ (اے پی پی) تحریک استقلال کی مرکزی رابطہ کمیٹی کے رکن میاں احسان باری نے پارٹی کی بنیادی رکنیت سے استعفیٰ دے دیا۔ پارٹی کے سربراہ اصغر خان کے نام ایک خط میں استعفیٰ دیتے ہوئے کہا ہے کہ میں تحریک استقلال کے نظریات اور پالیسیوں سے اختلافات کی بنا پر علیحدہ ہو رہا ہوں۔

پریس ٹرسٹ کے اخبارات کو دو تین ہفتوں تک سرکاری کنٹرول سے آزاد کر دیا جائیگا

ٹرسٹ چودہ پندرہ کروڑ روپے کا مقروض ہے

اخبارات کا ڈیکلریشن حاصل کرنے کے طریق کار کو بھی آسان بنایا جا رہا ہے: وزیر اطلاعات و نشریات

ملتان ــــ (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات مسٹر محمود اعظم فاروقی نے کہا ہے کہ پریس اینڈ پبلیکیشنز آرڈیننس کے ایسے تعزیری قوانین کو یکسر تبدیل کر دیا جائے گا جنہوں نے صحافت اور صحافیوں کی آزادی کو سلب کر رکھا ہے اور آئندہ دو تین ہفتوں میں پریس ٹرسٹ کو حکومت کے کنٹرول سے قطعی طور پر آزاد کر دیا جائے گا۔ مسٹر محمود اعظم فاروقی آج دوپہر بذریعہ طیارہ ملتان پہنچنے کے بعد ہوائی اڈے پر اخباری نمائندوں سے بات چیت کر رہے تھے۔

وزیر اطلاعات نے اس یقین کا اظہار کیا کہ انتخابات اسی سال کے دوران ہی کرائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ منتخب حکومت ہی کسی ملک کی مستقل اور نمائندہ حکومت ہوتی ہے جو ملک کے مسائل حل کرتی ہے اور اہم فیصلے کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت عبوری ہے اور منتخب حکومت قائم کئے بغیر ملک کا انتظام نہیں چل سکتا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ قومی اتحاد کے سربراہ مفتی محمود اس بات کے مجاز ہیں کہ جب چاہیں وزراء کو واپس بلا لیں۔ انہوں نے کہا کہ صدر مملکت بارہا وعدہ کر چکے ہیں کہ اسی سال انتخابات کرائے جائیں گے اور موجودہ اندرونی حالات [illegible]

لابھی تقاضا ہے کہ ملک میں منتخب حکومت قائم ہو۔

ڈیکلریشن کا اجراء

وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات مسٹر محمود اعظم فاروقی نے [illegible] اخبارات کے ڈیکلریشن جاری کرنا [illegible] حکومتوں کا کام [illegible] ڈیکلریشن کی [illegible] جاری کرنے [illegible]

[illegible] پالیسی کے طور پر [illegible] پبلشر کی مالی حیثیت اچھی ہو [illegible] ایڈیٹر باصلاحیت ہو اور وطن دشمن نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ اخبارات کے مالکان اور صحافیوں کی نمائندہ تنظیم نے اپنے لئے ضابطہ اخلاق مرتب کر کے حکومت کے حوالے کر دیا ہے۔ اس ضابطہ اخلاق کی روشنی میں پریس آرڈیننس کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی اتحاد نے قوم سے وعدہ کر رکھا ہے کہ پریس کی آزادی سلب کرنے والے تمام قوانین ختم کئے جائیں۔ صدر مملکت نے جب ملک میں مارشل لاء نافذ کیا اس وقت ہی صحافت کو آزاد کرنے کا اعلان کیا تھا۔ [illegible] کے تحت اپنی آزادی برقرار رکھ سکیں [illegible] اپنی پریس کونسل موجود ہے جو پریس کے مسائل کا خود ہی جائزہ لیتی ہے۔

تعزیری اور اشتعال انگیز قوانین

مسٹر محمود اعظم فاروقی نے کہا کہ وزارت اطلاعات پریس آرڈیننس کے تعزیری قوانین ختم کرنے کے لئے [illegible] جائزہ لے رہی ہے۔ جب وزیر اطلاعات کی توجہ اس طرف مبذول کرائی گئی کہ [illegible] قوانین بھی آزادی صحافت کے لئے انتہائی خطرناک ہیں [illegible]

ہر قسم کی اردو کتابیں دستیاب ہیں۔ مفت فہرست کے لئے لکھئے۔

اردو ڈائجسٹ

ہر مہینے اردو ڈائجسٹ حاصل کرنے کے لیئے
ہمیں لکھئے یا فون کیجیئے

PRICE: $2.00 (Postage 45c Extra) Subscription for one year $25.00

اپنے چیک TechnoPak کے نام لکھئے اور اس پتے پر بھیجئے:

Suite 804, 100 Echo Point, Scarborough, Ontario,
Canada, M1W 2V2 (phones:(416) 497 9623, 493 4374)

انکم ٹیکس سپیشلسٹ

Bus. (416) 636-2512 — NIGHTS 881-6090

افضل حسین

Afzal Hussain B.Comm., M.Comm.
Accountant

Afzal Bookkeeping Co.
SUITE 220
4140 BATHURST STREET
DOWNSVIEW, ONTARIO
M3H 3P3

INCOME TAX
BOOKKEEPING

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ہر قسم کی پاکستانی و ہندوستانی فوڈ کے علاوہ انٹرنیشنل فوڈ
یعنی ہر قسم کی خوراک نہایت کم قیمت پر خریدنے کے لئے
ہمیں خدمت کا موقع دیجئے۔

ہمارا نصب العین آپ کی تسلی ہے

WHOLESALE & RETAIL
Please Call ISMAIL At
461-2839

HOUSE OF HALAL MEAT

803 Danforth Avenue
Toronto, Ontario

Fresh Halal Meat & Vegetables

• وکیلِ صفائی کے معروضی دلائل کسی اہمیت کے حامل نہیں • اپیل کے دوران اٹھائے گئے نکات دوبارہ پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے • سزا دینے کے مسئلے پر اختلاف رائے کو نظرثانی کی وجہ قرار نہیں دیا جا سکتا

• نافذ ہونے والے شرعی قوانین کے حوالے سے نظرثانی ممکن نہیں



مسٹر جسٹس دراب پٹیل

مسٹر جسٹس کرم الٰہی چوہان

مسٹر جسٹس ملک محمد اکرم

چیف جسٹس مسٹر جسٹس انوار الحق



مسٹر جسٹس صفدر شاہ

مسٹر جسٹس محمد حلیم

مسٹر جسٹس ڈاکٹر نسیم حسن شاہ

یحییٰ بختیار عدالت کو قائل نہیں کر سکے۔ مسٹر جسٹس دراب پٹیل

مسٹر جسٹس صفدر شاہ اور مسٹر جسٹس حلیم نے جسٹس دراب پٹیل کے نوٹ کی تائید کی ہے

راولپنڈی، ۲۴ مارچ (اے پی پی / اے پی پی) سپریم کورٹ

مسٹر جسٹس محمد اکرم نے اس فیصلے سے اتفاق کیا ہے کہ نظرثانی کی درخواست میں سزا کے بارے میں سوال نہیں اٹھایا جا سکتا۔

بقیہ پچھلا صفحہ

ارشد اقبال

رانا افتخار

صوفی غلام مصطفیٰ

میاں عباس

۱۵۲ صفحات پر مشتمل فیصلے میں کہا گیا ہے کہ مسٹر یحییٰ بختیار

بھٹو کو گھر سے کھانا منگوانے کی اجازت بحال کر دی گئی

بیوی اور بیٹی سے سہالہ کے گھر میں ملاقات کی

پھانسی دینے کا طریقِ کار

جیل کا عملہ مجرم کو پھانسی دینے کی صورت میں کیا کرتا ہے

Important Notice to Tradespersons

Trade	Experience in trade to qualify for certification without examination	Application deadline
Baker	6 years	April 30, 1980
Assistant Baker	2 years	April 30, 1980
Boilermaker	8 years	April 30, 1980
Machinist	6 years	June 30, 1980
Mould Maker	8 years	June 30, 1980
Tool and Die Maker	8 years	June 30, 1980

مندرجہ بالا مضمونوں میں کام کرنے والے بغیر امتحان دیئے سرٹیفکیٹ آف کوالیفیکیشن حاصل کرنے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ اس کے لیے انہیں اپنے کام کے تجربے کا تحریری ثبوت اوپر دی ہوئی تاریخوں سے پہلے داخل کرنا ہوگا۔
مزید معلومات کے لیے اپرنٹس شپ ٹریننگ برانچ کے قریبی علاقائی آفس سے رابطہ قائم کیجیے۔ ٹورانٹو میں ان کا ٹیلی فون نمبر ہے: (416)965-4211/6462

Ministry of Education
Ontario

Hon. Bette Stephenson, M.D., Minister
Dr. H. K. Fisher, Deputy Minister

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ہفت روزہ کریسنٹ انٹرنیشنل

ٹورانٹو کنیڈا

اسلامی اقدار و بیرون وطن پاکستانیوں کا ترجمان - شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

جلد: ۸ | ۲ جمادی الاول ۱۳۹۹ھ | یکم اپریل ۱۹۷۹ء | شمارہ: ۱۲

عام انتخابات ۱۷ نومبر کو ہوں گے: صدر ضیاء الحق

اسلامی نظام یا پارلیمانی طرز حکومت اور صوبائی خود مختاری کے مسائل کو انتخابی نعرہ بنانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

قومی اور صوبائی اسمبلیوں کے لیے پولنگ ایک ہی دن ہوگی

چیف الیکشن کمشنر جلد انتخابی پروگرام کا اعلان کر دیں گے

راولپنڈی ـــــ (اے پی پی) صدر جنرل محمد ضیاء الحق نے اعلان کیا ہے کہ عام انتخابات اسی سال ۱۷ نومبر کو ہوں گے تاریخ کا تعین چیف الیکشن کمشنر کی سفارش پر کیا گیا ہے انہوں نے کل یوم پاکستان کے موقع پر مسلح افواج کی پریڈ سے خطاب کرتے ہوئے کہا۔ صدر نے بتایا کہ اسلامی نظریہ، وفاقی پارلیمانی طرز حکومت اور صوبائی خود مختاری کے مسئلے کو انتخابی مہم کا موضوع بنانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انتخابی مہم کے لئے ضابطہ جاری کیا جائے گا جس کی پابندی کرائی جائے گی۔ اور انتخابی مہم کے لیے ملکی حالات کے مطابق مناسب وقت دیا جائے گا۔ صدر نے کہا کہ اقتدار اسلامی اور جمہوری اداروں کے ذریعے ہی عوام کو منتقل کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ الیکشن شیڈول کا اعلان چیف الیکشن کمشنر بہت جلد کریں گے قومی اور صوبائی اسمبلیوں کے لئے پولنگ ایک ہی دن ہوگی۔

صدر نے کہا کہ الیکشن کمشن نے اگست میں ماہ رمضان المبارک اور اس کے بعد انتخابی مہم کے لئے موزوں وقت سے لے کر ۱۷ نومبر سے شروع ہونے والے محرم الحرام کو مد نظر رکھا اور سفارش کی ہے کہ سیاسی جماعتوں کو انتخابی مہم کے لئے مناسب وقت دینے کی غرض سے ۱۷ نومبر بروز جمعہ عام انتخابات کے لئے موزوں رہے گا۔ صدر نے کہا الیکشن کمشن کی یہ سفارش منظور کر لی گئی ہے اس طرح پاکستان کے لوگ اسلامی جذبے کے تحت ۱۷ نومبر کو قومی اور صوبائی اسمبلیوں کے لئے ووٹ ڈالیں گے۔ صدر نے کہا کہ بعض لوگ عام انتخابات کے حق میں نہیں لیکن میں کہتا ہوں کہ جمہوریت ملک کی بقا کے لئے ضروری ہے اور عوام کی امنگوں اور خواہشات کے مطابق حکومت قائم کر کے اقتدار ان کے حوالے کرنے کے سلسلے میں مسلح افواج نے جب کام کا آغاز کیا تھا۔ یوم پاکستان کے مبارک موقع پر اس کے ایفاء کا آغاز کرتے ہوئے مجھے بے پناہ مسرت ہو رہی ہے۔ صدر نے کہا کہ مسلح افواج نے آج تک کی ہر گھڑی میں وطن عزیز کا دفاع کیا ہے اور آئندہ بھی اگر مشکل وقت آیا تو مسلح افواج کے بہادر جیالے اپنے ہم وطنوں کو مایوس نہیں کریں گے۔ صدر نے کہا کہ بر وقت مسلح افواج کی کاروائی ملک کی سلامتی کے لئے ضروری تھی اور حب الوطنی کے جذبے کے عین مطابق تھی۔

اس طرح مسلح افواج نے ملک کو انتشار اور تباہی کی دلدل سے نکال کر امن، ترقی، خوشحالی اور استحکام کی روشن منزل کی راہ پر ڈال دیا ہے۔

صدر ضیاء الحق نے انتخابی مہم کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اس مقصد کے لئے زیادہ طویل عرصہ نہیں دیا جائے گا۔ اور سیاسی جماعتوں پر اس بات کی پابندی کرنا لازم ہوگا کہ ۱۹۷۳ء کے آئین کے تحت طے شدہ مسائل کو جن میں اسلامی نظریہ، وفاقی پارلیمانی نظام اور صوبائی خود مختاری شامل ہیں، انتخابی مہم کا موضوع نہیں بنایا جائے گا۔ سیاسی سرگرمیوں پر موجودہ پابندیاں فی الحال برقرار رہیں گی۔

کراچی ایئرپورٹ پر تارکین وطن سے رشوت طلبی عملے کو معطل کر دیا گیا عملہ جاری رشوت لیا کرتا تھا

راولپنڈی ـــــ (نمائندہ خصوصی) معلوم ہوا ہے کہ وزیر داخلہ مسٹر محمود ہارون نے کراچی ائیرپورٹ پر متعین ایف آئی اے کے متعدد افراد کو ملک سے باہر جانے والے محنت کشوں سے رشوت کے طور پر بڑی رقم طلب کرنے پر معطل کر دیا ہے۔ وزیر داخلہ کو اس عملہ کی سرگرمیوں کے بارے میں کافی عرصے سے شکایات موصول ہو رہی تھیں گذشتہ دنوں آٹھ محنت کش محمد عرب امارات جانے کے لیے کراچی ائیرپورٹ پہنچے تو امیگریشن سے متعلق ایف آئی اے کے عملے نے ان کو روک لیا اور ان سے رشوت طلب کی مگر جب وہ مطالبہ پورا نہ کر سکے تو انہیں ملک سے باہر جانے سے روک دیا گیا ان کے بارے میں شکایت موصول ہونے پر ائیرپورٹ پر متعین ایف آئی اے کے امیگریشن کے سارے عملے کو معطل کر دیا گیا وزیر داخلہ نے اس امر کی اطلاع وزیر افرادی قوت چوہدری ظہور الٰہی کو بھی دے دی ہے۔

لندن میں بھٹو کی حمایت میں مظاہرہ ناکام ہو گیا

مصطفیٰ کھر اور بھٹو کے صاحبزادے بھی شریک نہیں ہوئے

لندن ـــــ (اے پی پی) مسٹر ذوالفقار علی بھٹو کے حامیوں کی پاکستانی سفارت خانہ کے سامنے مظاہرہ کرنے کی مہم سے کافی مظاہرین جمع کرنے میں ناکام رہنے سے مظاہرہ نہیں ہو سکا نہ تو مصطفیٰ کھر اور نہ ہی مسٹر بھٹو کے دونوں بیٹے میر مرتضیٰ اور شاہنواز شریک ہوئے معلوم ہوتا ہے کہ مظاہرین کی تعداد اس وجہ سے بھی کم تھی کہ اس کی وجہ سے مظاہرے کے وقت میں کئی گھنٹے کی تاخیر کر دی گئی اور اسی وجہ سے مسٹر کھر اور مسٹر بھٹو کے صاحبزادے شریک نہیں ہوئے۔

نذرِ سرفراز

پرچم کو سرفراز کیا سرفراز نے
در سر خوشی کا باز کیا سرفراز نے
برسوں بھلا سکیں گے نہ اہل وطن اسے
جو کار دلنواز کیا سرفراز نے

ـــــ جیت جالب

بھٹو اپنی وصیت لکھنے میں مصروف ہیں
جیل میں آج تک کبھی نماز نہیں پڑھی
سزائے موت کی خبر سنکر وہ پھوٹ پھوٹ کر روئے

لاہور ـــــ دوسرے باوثوق ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو اپنے زندہ رہنے کی تمام امیدیں کھو چکے ہیں اور آج کل ڈسٹرکٹ جیل راولپنڈی میں وصیت لکھنے میں مصروف ہیں اگر سپریم کورٹ نے سزائے موت کے فیصلے کو برقرار رکھا تو بھٹو کو پھانسی دیئے جانے سے ایک روز قبل وصیت لکھنے کے لیے مطلوبہ اشیاء مہیا کی جائیں گی لیکن انہوں نے ابھی سے اسے لکھنا شروع کر دیا ہے اور اس سلسلے میں اپنے وکیلوں اور خاندان کے ارکان سے صلاح مشورے کر رہے ہیں۔ کراچی کے ایک انگریزی روزنامہ کے مطابق بھٹو اپنی وصیت میں جائداد اور بینک بیلنس اور اپنی آخری رسومات کے متعلق تفصیلات لکھ رہے ہیں۔ باوثوق ذرائع کے مطابق ستمبر ۱۹۷۷ء میں کوٹ لکھپت جیل لاہور میں منتقل ہونے کے بعد سے بھٹو نے کبھی نماز نہیں پڑھی جبکہ عام قیدی بھی اکثر اپنی سابقہ کوتاہیوں پر پریشان رہتے ہیں اور خدا کے آگے سجدہ ریز ہوتے ہیں۔ ایک اور ذریعے نے کوٹ لکھپت جیل کا ایک جونیئر ملازم ہے بتایا کہ جب لاہور ہائیکورٹ نے انہیں سزائے موت کا حکم سنایا بھٹو کی حالت بہت بری تھی اور وہ اپنی کوٹھڑی میں دھاڑیں مار مار کر روتے رہے تھے



Please subscribe to the CRESCENT, a Pakistani English/Urdu Newspaper in regular print for the last 8 years.

SUBSCRIPTION RATES:

1 Year ... $8.00 (US Air Mail $10.00)
2 Years ...$14.00 (US Air Mail $17.00)
6 Months ... $5.00 (US Air Mail $6.00)
Anywhere else for 1 Year, By Air Mail $14.00

Crescent

336 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6
Telephone: (416) 493-4374

Name ....

Address ....

....

Postal Code ....

Telephone No. ....

PLEASE MAKE CHEQUES PAYABLE TO "CRESCENT"

سپریم کورٹ نے بھٹو کی سزائے موت کا فیصلہ برقرار رکھا

انتظامیہ رحم کی اپیل پر غور کرتے وقت وکیل صفائی کے دلائل کو مد نظر رکھ سکتی ہے

سپریم کورٹ نے پاکستانی عدلیہ کی تاریخ کے طویل ترین مقدمے کا فیصلہ سنا دیا

۷۵۴ صفحات پر مشتمل فیصلہ جسٹس محمد اکرم نے لکھا اور چیف جسٹس نے اس کا اعلان کیا

راولپنڈی ۲۴ مارچ (اے پی پی) سپریم کورٹ نے آج نواب محمد احمد خاں قتل کیس میں اپنے فیصلے کے خلاف مسٹر بھٹو کی نظر ثانی کی درخواست متفقہ طور پر مسترد کر دی۔ تفصیلی فیصلہ مسٹر جسٹس محمد اکرم نے تحریر کیا جبکہ دیگر ججوں نے ان سے اتفاق کیا۔ مسٹر جسٹس دراب پٹیل نے ایک مختصر نوٹ میں درخواست مسترد کرنے کی وجوہات بیان کیں۔ اور دو دیگر ججوں مسٹر جسٹس حلیم اور مسٹر جسٹس صفدر شاہ نے ان سے اتفاق کیا۔ فیصلہ چیف جسٹس مسٹر جسٹس انوار الحق نے دس بجے کمرہ عدالت میں پہنچا اور فیصلہ پڑھ کر سنایا گیا۔ آج پڑھ کر سنایا جانے والا فیصلہ سپریم کورٹ کا فل بنچ رہا ہے۔ جو لوگ عدالت میں موجود تھے ان میں ذوالفقار علی بھٹو کے عزیز و اقارب، غلام مصطفیٰ جتوئی اور بھٹو کے وکلاء کے علاوہ پیپلز پارٹی کے چند مقامی رہنما بھی شامل تھے۔

سپریم کورٹ نے ۶ فروری کو ہائیکورٹ کے فیصلے کے خلاف مسٹر بھٹو اور چار دیگر ملزموں کی اپیل مسترد کر دی تھی چنانچہ سپریم کورٹ کے فیصلے کے خلاف بھٹو نے نظر ثانی کی درخواست دی جس کی سماعت ۲۴ مارچ کو مکمل ہو گئی اور فاضل عدالت نے فیصلہ محفوظ رکھا تھا آج فیصلہ سنائے جانے کے بعد مسٹر یحییٰ بختیار نے

ـــ باقی صفحہ ۱۵ پر